کماد کی بوائی اور فصل پر مٹی چڑھانے والا رجر

(Sugar Cane Ridger)

نظامت اعلیٰ زراعت (زرعی انجینئرنگ)

21۔سر آغا خان سوئم روڈ، لاہور

فون: 042-99200705 فیکس: 042-99200759

کماد کی بوائی اور فصل پر مٹی چڑھانے والا رجر

(Sugar Cane Ridger)

تعارف

گنا ہمارے ملک کی ایک بہت اہم اور نقد آور فصل ہے جسے کاشتکار بھائی زیادہ تر روایتی طریقہ کار سے کاشت کرتے ہیں۔ جس میں زیادہ وقت وافرادی قوت میں کمی اور مہنگائی کی وجہ سے کسان بھائیوں کو بہت سی مشکلات کا سامنا ہے۔ ان مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید زرعی ٹیکنالوجی سے کھیلیں بنانے اور مٹی چڑھانے والا ایک رجر بنایا گیا ہے۔ اس رجر کی مدد سے چار سے ساڑھے چار فٹ کے فاصلے پر کھیلیں بنائی جاتی ہیں اور گنا ہاتھ سے لگایا جاتا ہے۔ یہ ایک بہت کارآمد اور وقت بچانے والی مشین ہے۔ یہ رجر زیادہ اونچائی والی فصل کے گرد مٹی چڑھانے کا کام بھی کرتا ہے کیونکہ اگر زیادہ اونچائی والی فصل کے گرد مٹی نہ لگائی جائے تو فصل سہارا نہ ہونے کی وجہ سے ایک طرف گر جاتی ہے جس سے اس کی نشوونما اور بڑھوتری بُری طرح سے متاثر ہوتی ہے اور پیداوار میں کمی کا باعث بنتی ہے اس کے علاوہ یہ جڑی بوٹیوں کو کاٹ کر مٹی میں ملا دیتا ہے جو کہ زمین کی زرخیزی بڑھانے میں کام آتی ہے۔

مشین کے پُرزہ جات

1- مین فریم

2- رجرز

3- مارکر

4- رجر ایڈجسٹیبل فریم

استعمال کا طریقہ کار

اس کو ٹریکٹر کی تھری پوائنٹ لنکیج کے ساتھ جوڑا جاتا ہے۔ یہ ایک وقت میں دو کھیلیں بناتا ہے اس میں دو پھالے لگے ہوتے ہیں۔ جن کا درمیانی فاصلہ ضرورت کے مطابق ایڈجسٹ کیا جاسکتا ہے۔

استعمال کے بعد احتیاط:

رجر کو استعمال کے بعد اچھی طرح صاف کریں دھونے کے بعد تیل وغیرہ لگا کر خشک اور سایہ دار جگہ پر رکھیں تاکہ موسمی اثرات سے محفوظ رہے۔

فنی تصریحات

چلانے کے لیے درکار طاقت ______ 50 ہارس پاور ٹریکٹر

لمبائی ______ 790 ملی میٹر

چوڑائی ______ 2280 ملی میٹر

اونچائی ______ 1190 ملی میٹر

وزن ______ 250 کلوگرام

قیمت ______ -/35,000 روپے تقریباً